شمارہ نمبر 31
مرتب کردہ: ریسورس موبلائزیشن ڈیپارٹمنٹ
غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا ترجمان

# غزالی نیوز

GHAZALI EDUCATION TRUST
جولائی تا ستمبر 2010

### القرآن

ہم نے تمہیں زمین میں اختیارات کے ساتھ بساط اور تمہارے لئے یہاں سامان زیست فراہم کیا مگر تم لوگ کم ہی شکرگزار ہوتے ہو: سورۃ الاعراف ۱۰

### الحدیث

حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ نے بیان کیا کہ نبیؐ نے سنا کہ ایک شخص دوسرے کی تعریف کر رہا تھا اور مبالغہ سے کام لے رہا تھا تو فرمایا کہ تم لوگوں نے اس شخص کو ہلاک کر دیا اور یا اس کی پشت توڑ دی:

البخاری، کتاب الشہادت، حدیث نمبر ۱۸۸۹

E-mail: info@get.org.pk
5-E ثمن برگ جوہر ٹاؤن لاہور فون: 35222702, 35222705 (92-42+) فیکس: 35222729 (92-42+)
Visit us: www.get.org.pk

## حرف آغاز

ملکی تاریخ کے حالیہ بدترین سیلاب نے قومی و نجی سرمائے کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔ گاؤں، دیہات، سکول اور کاروبار تباہ ہوگئے اور نظامِ زندگی درہم برہم ہو چکا ہے۔ اس سیلاب نے جہاں ہر فرد کو آزمائش میں مبتلا کیا ہے وہیں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کو بھی شدید مشکلات سے دوچار کر دیا۔ ان علاقوں میں ٹرسٹ کے 50 سکولز متاثر ہونے کی وجہ سے ٹرسٹ کو یہ مشکل مرحلہ درپیش ہے کہ یہاں زیرِ تعلیم طلباء کا تعلیمی سلسلہ کیسے جاری رکھا جائے اور متاثرہ سکولوں کو کیسے بحال کیا جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ ان علاقوں میں مزید سکولز کھولنے کا معاملہ بھی زیرِ غور ہے تاکہ تعلیمی عمل تواتر کے ساتھ جاری رہے اور طلباء کا مستقبل اور اساتذہ کا روزگار متاثر نہ ہو۔ اس ضمن میں اندرون و بیرون ملک سے معاونین نے ہر قدم پر ہمارا ساتھ دیا اور موجودہ صورتحال سے نکلنے میں ہماری مدد اور رہنمائی کی ہے۔

آج پھر وقت اور حالات چیلنج بن کر ہمارے سامنے آ کھڑے ہوئے ہیں......

لیکن منزل کی جانب سفر اور جدوجہد ہمارا سرمایہ ہے اور یہی ہماری زندگی بھی......

؎ اٹھ کہ دردمندوں کے صبح و شام بدلو بھی

سید وقاص جعفری
(صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ)




## سیلاب زدہ علاقوں میں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی سرگرمیاں

پاکستان میں آنے والے حالیہ سیلاب کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال سے نبٹنا ایک چیلنج کی مانند ہے۔ ہر دردمند دل رکھنے والا فرد اور ادارہ ان افراد کی مدد اور بحالی کے لئے میدان عمل میں ہے۔ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے بھی اپنی ذمہ داری کو محسوس کرتے ہوئے بھرپور کردار ادا کیا۔ متاثرین کو پناہ دینے کے لئے ریلیف کیمپ قائم کئے اور بعض جگہوں پر اپنے ہی سکولوں کو ریلیف کیمپ کا درجہ دیا گیا جہاں متاثرین کی ضروریات پوری کرنے کے لئے ہر ممکن اقدامات کئے گئے۔


ٹرسٹ کے تحت ''فلڈ ریلیف کمیٹی'' کا قیام عمل میں لایا گیا جس کو یہ ذمہ داری سونپی گئی کہ وہ متاثرین کے لئے سحر و افطار کا بندوبست کرے، ادویات، کپڑوں بچوں کے لئے دودھ اور بسکٹ سمیت روزمرہ ضروریات کی ہر شے کی فراہمی کو یقینی بنانے کے اقدامات کرے۔ فلڈ ریلیف کوارڈینیٹر طارق جاوید نے مقامی غزالی سکولز کے اساتذہ کی مدد سے یہ ذمہ داری بطریق احسن انجام دی۔ ہیڈ آفس سے صدر ٹرسٹ سید وقاص جعفری، ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود، ممبر بورڈ آف ڈائریکٹر راؤ ظفر، مینیجر سکولز شہید الحق ظفر، سینئر پروگرام کوارڈینیٹر ندیم اشرف باجوہ، طارق جاوید، کمیونیکیشن آفیسر علی فاروق، حماد اختر، حسن چیمہ اور دیگر افراد پر مشتمل مختلف ٹیمیں وقتاً فوقتاً ان ریلیف کیمپوں کے دورے پر جاتی رہیں اور انتظامات کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ متاثرین سے ان کے مسائل اور ضروریات سے متعلق بھی پوچھتی اور انہیں حل کرنے کے اقدامات کرتی رہیں۔ ان ٹیموں نے مختلف کیمپوں میں متاثرین میں امدادی اشیاء بھی تقسیم کیں۔

ٹرسٹ کی طرف سے مختلف اضلاع میں کل 9 ریلیف کیمپ قائم کئے گئے جن میں پناہ گزین متاثرین کے قیام و طعام کی تمام ذمہ داری ٹرسٹ نے اٹھائی۔ ٹرسٹ کی خواہش تھی کہ متاثرین کو طعام کی ویسی ہی سہولیات دی جائیں جیسی انہیں اپنے گھر میں حاصل تھیں۔ اسی جذبے کو مدنظر رکھتے ہوئے انہیں ادارے کی طرف سے افطار ڈنر کروائے گئے تاکہ گھربار اور دیگر سہولیات سے محروم ہونے والے یہ افراد مزید کسی محرومی کا شکار نہ ہوں۔ فلڈ ریلیف کمیٹی کے تحت سیلاب سے متاثرہ اضلاع میانوالی، بھکر، جھنگ مظفرگڑھ، ڈی جی خان اور رحیم یار خان کے ریلیف کیمپوں قمر مشانی، عیسیٰ خیل، بہل، میبل شریف، دائرہ دین پناہ، شادن لنڈ اور غوث آباد کیمپ میں متاثرین کے لئے افطار پروگرام پراجیکٹ کے ضمن میں غزالی سکولز کے طلباء اور اساتذہ کی طرف سے مجموعی طور پر 11,619 افراد کو افطار ڈنر کروائے گئے۔ اندرون و بیرون ملک مختلف تنظیموں اور افراد نے اس سلسلے میں ٹرسٹ کی بھرپور معاونت کی۔ جن میں فاؤنڈیشن آف فیتھ فُل، ہیلپنگ ہینڈ، جمعیت الاصلاح، GET Oresund، میرسٹڈ مسلم ایسوسی ایشن سویڈن، اسلامک کلچرل سنٹر بریشیا، الخدمت فاؤنڈیشن جبکہ منظور احمد، میاں محمد اسماعیل، محمد وسیم، محمد عبداللہ، خاور سیٹھی، رضوان اکرم، شیخ طاہر، اشعر محفوظ، اظہر علی چوہدری، فاروق خالد، عبدالقیوم، زہرہ احمد، علی احمد، اعجاز احمد گورائیہ، ہما جاوید، آیان عامر، شبیر الدین، شاہد طاہر اور مظہر بیگ سمیت مختلف افراد اور اداروں نے نقد رقوم، افطار پراجیکٹ، اشیائے

# بحرین کی معروف فلاحی تنظیم ''جمعیت الاصلاح'' کا سیلاب سے متاثرہ غزالی سکولز کی تعمیرِ نو اور بحالی کا اعلان

## بیرون ملک مقیم پاکستانی کمیونٹی کے تعاون سے پاکستان میں تعلیمی نقصانات کا ازالہ کریں گے: انجینئر عبدالنور

غزالی سکولز میں علم حاصل کرنے والے کئی مستحق بچے ایسے ہیں جن کی تعلیمی کفالت کی ذمہ داری بحرین کی فلاحی و رفاہی تنظیم ''جمعیت الاصلاح'' نے اٹھا رکھی ہے۔ جمعیت الاصلاح کے تعاون سے ٹرسٹ کے کئی تعلیمی پراجیکٹس بھی چل رہے ہیں۔ مختلف سکولوں کی تعمیر و ترقی، وسعت، مستحق بچوں کے تعلیمی اخراجات اور طلباء کی سکالرشپ سمیت کئی امور اسی تنظیم کے تعاون سے ہی انجام پا رہے ہیں۔ یوں یہ ادارہ ٹرسٹ کی تعلیمی کاوشوں کی حوصلہ افزائی کرنے والوں میں سے ایک ہے۔ گذشتہ دنوں جمعیت الاصلاح کا وفد پاکستان کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کے دورے پر آیا تو ٹرسٹ کی دعوت پر اس نے ہیڈ آفس کا وزٹ بھی کیا جہاں اس نے ایسے بچوں سے بھی ملاقات کی جن کی تعلیمی کفالت کا بیڑہ جمعیت الاصلاح اٹھائے ہوئے ہے۔ وفد نے بچوں سے ان کے مسائل دریافت کئے اور ان کی تعلیمی سرگرمیوں سے آگاہی حاصل کی۔ دو رکنی وفد میں جمعیت الاصلاح کے ذمہ داران انجینئر عبدالنور اور استاد عادل الکوہجی شامل تھے جبکہ بحرین کی معروف سماجی شخصیت ڈاکٹر شعیب بھی اس موقع پر موجود تھے۔ بچوں نے اپنے انداز میں جمعیت الاصلاح کے توسط سے اپنے کفیل افراد کا شکریہ بھی ادا کیا جن کی وجہ سے وہ جہالت کے اندھیروں میں بھٹکنے کی بجائے علم کی روشنی سے فیضیاب ہو رہے ہیں۔ انجینئر عبدالنور اور استاد عادل الکوہجی نے بچوں میں عیدی بھی تقسیم کی۔ بعدازاں انہوں نے بچوں اور ٹرسٹ کے سٹاف سے خطاب کرتے ہوئے انہیں اپنی تنظیم کے بارے میں مختصر تعارف پیش کیا اور بتایا کہ جمعیت الاصلاح کے پلیٹ فارم سے پوری دنیا میں 10 ہزار سے زائد یتیم بچوں کی تعلیمی کفالت ہو رہی ہے اور مختلف ممالک میں کئی تعلیمی اور فلاحی پراجیکٹس بھی چل رہے ہیں۔ انہوں نے سیلاب سے متاثر ہونے والے غزالی سکولوں کی بحالی اور مزید بچوں کی تعلیمی کفالت کی ذمہ داری لینے کا اعلان بھی کیا۔ انہوں نے مختلف شعبوں کے ذمہ داران (بالخصوص فنڈ ریزنگ ڈیپارٹمنٹ اور شعبہ تعمیرات) کے ساتھ تفصیلی ملاقات بھی کی اور ان سے بچوں کی اڈاپشن کے طریقہ کار، اخراجات، متاثرہ سکولوں کی بحالی، دیگر سکولوں کی تعمیر و ترقی اور کام کو مزید بہتر بنانے سمیت مختلف تعلیمی پراجیکٹس پر تبادلہ خیال کیا۔ تقریب میں ٹرسٹ کو جمعیت الاصلاح کی طرف سے یادداشت کے طور پر بحرین کا قومی نشان بھی شیلڈ کی صورت میں پیش کیا گیا۔ ٹرسٹ کے ذمہ داران نے اس امید کا اظہار کیا ہے کہ جمعیت الاصلاح کا بحرین میں مقامی کمیونٹی کی مدد سے تعلیمی پراجیکٹس کے ضمن میں تعاون کا عمل پاکستان اور بحرین کی عوام کو ایک دوسرے کے قریب لانے اور بالخصوص وہاں مقیم پاکستانی کمیونٹی کو اپنے ہم وطنوں کے دکھ درد میں شریک رکھنے کا باعث بنے گا۔










غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے تمام سکولز میں ہر سال
ایک نئی کلاس کا اضافہ ہوتا ہے۔

ان کلاسز کے لئے چھت، فرنیچر اور دیگر ضروریات کی فراہمی
ایک بڑا چیلنج ہے۔

آگے بڑھیں اور اپنے دوستوں کو بھی آمادہ کریں۔
کسی ایک کلاس روم کے لئے ضروریات کی فراہمی بڑی تعداد میں نونہالانِ قوم کو
اپنے نئے تعلیمی سفر کے بہتر آغاز کا موقع فراہم کرے گی۔



نام ______________

ایڈریس ______________

______________

فون ______________

موبائل ______________


ای میل ______________

دستخط ______________


آیئے اس ''روشن مستقبل مہم'' میں حصہ دار بن کر امید، تعاون اور علم کی روشنی کے سفر کو آگے بڑھایئے۔

# بیرون ملک فنڈنگ


بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے پاکستان میں تعلیم کی خدمت کو اپنا شعار بنا رکھا ہے۔اس ضمن میں انہوں نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ساتھ مکمل تعاون کا سلسلہ جاری کر رکھا ہے جس کے تحت بیرون ممالک سے فنڈنگ کر کے ٹرسٹ کے سپرد کی جاتی ہے کہ وہ اسے پاکستان میں تعلیم کی وسعت اور غریب طلبہ وطالبات کی تعلیمی امداد کی مد میں خرچ کریں ۔ اس ضمن میں گذشتہ ماہ واشنگٹن ایریا کے پاکستانیوں نے مجموعی طور پر غزالی ٹرسٹ کو پچاس ہزار ڈالر کا فنڈ دیا۔ یہ فنڈ انہوں نے واشنگٹن میں ٹرسٹ کے ارکان ڈاکٹر ارشد چیمہ، ڈاکٹر یاسمین چیمہ اور سلمان چیمہ کی اپیل پر جمع کروایا۔اس ضمن میں ہرنڈن کے سینٹ جوزف بینکویٹ ہال میں ایک خصوصی فنڈ ریزنگ تقریب منعقد ہوئی جس میں منتظمین نے عطیات دینے والے شرکاء کا شکریہ ادا کیا اور ان کے جذبے کو قابل تحسین قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس عمل سے ثابت ہوگیا ہے کہ اوورسیز پاکستانی پاکستان کی تعلیمی ترقی سے گہری دلچسپی رکھتے ہیں ۔اس موقع پر ٹرسٹ کے ڈائریکٹر عامر محمود چیمہ نے شرکاء کو بتایا کہ پاکستان میں پرائیویٹ سیکٹر تعلیم کی ترقی اور مستحق طلباء کے لئے حصول تعلیم کے بھرپور مواقع فراہم کر رہا ہے ۔ مذکورہ مقام سے اکٹھا کیا گیا فنڈ عامر محمود چیمہ کے سپرد کر دیا گیا جو ان دنوں فنڈ ریزنگ کے سلسلے میں امریکہ کے دورہ پر تھے۔تقریب سے محترمہ اسما یعقوب نے بھی خطاب کیا اور شرکاء سے مستقبل کے منصوبوں میں بھی اسی جذبے کے ساتھ ٹرسٹ کا ہاتھ بٹانے کی امید کا اظہار کیا۔







# ٹرسٹ کے ذمہ داران کا دورہ امریکہ ، سعودیہ ، بحرین





غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی پروموشن اور فنڈ ریزنگ کے حوالے سے ٹرسٹ کے صدر سید وقاص جعفری، نائب صدر ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل، ڈائریکٹر عامر محمود چیمہ اور محمد مشتاق مانگٹ نے یو ایس اے، سعودیہ اور بحرین کا دورہ کیا۔

سید وقاص جعفری اور عامر محمود چیمہ نے امریکہ کے دورے کے دوران ہیلپنگ ہینڈ، فاؤنڈیشن آف فیتھ فل (FOF) اور اسلامک سینٹر کے ذمہ داران سے ملاقاتیں کیں اور پاکستان میں ان کے تعاون سے جاری مختلف تعلیمی پراجیکٹس پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔سید وقاص جعفری نے امریکہ کی ریاستوں نیویارک (NY)، نیوجرسی (NJ)، کنیکٹیکٹ (CT)، ورجینیا (VA)، کیلیفورنیا (CA)، واشنگٹن (WA)، ٹیکساس (TX)، جارجیا (GA) فلوریڈا (FL) جبکہ شہروں میں سے .... لاس اینجلس (CA)، نیویارک (NY)، اٹلانٹا (GA) سیٹل (WA)، ہارٹ فورڈ (CA)، میامی فلوریڈا (FL) واشنگٹن (DC)، ہوسٹن (TX)، اٹلانٹک (NJ)، اور لانڈو (FL) میں جانے کا موقع ملا، جہاں انہوں نے ڈاکٹر زاہد بخاری (President ICNA USA)، ڈاکٹر خالد اعجاز (قونصل جنرل پاکستان لاس اینجلس)، فرخ رضا (چیئرمین ہیلپنگ ہینڈ USA)، یونس شاہد (سیکرٹری جنرل FOF) سمیت مسلم کمیونٹی اور ٹرسٹ کے ڈونرز کے ساتھ ملاقاتیں بھی کیں، پاکستان میں تعلیمی مسائل اور شرح خواندگی کے بارے میں انہیں آگاہ کیا اور دیہی علاقوں میں بچوں کی تعلیم سے دوری کی وجوہات اور مسائل پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ جبکہ ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل اور محمد مشتاق مانگٹ نے سعودیہ اور بحرین میں مسلم کمیونٹی اور معاونین سے ملاقاتیں کیں اور مختلف پراجیکٹس کے حوالے سے آگاہ کیا۔


## غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ: غیر سیاسی، غیر تجارتی، غیر منافع بخش ادارہ

- دیہی پاکستان میں سب سے بڑا تعلیمی نیٹ ورک
- ماہرین تعلیم اور ممتاز شخصیات کی سرپرستی اور معاونت
- 1800 سے زائد محنتی، سرگرم اور مخلص اساتذہ
- ہر شعبے اور ہر دائرے میں متحرک، تیز اور مؤثر منصوبہ بندی
- کم خرچ، خود کفالت اور شراکتی طرز عمل کے لیے منفرد نظام

| ☑ آپ کا حصہ | |
|---|---|
| ☐ ایک اسکول کی سالانہ تعلیمی ضروریات کیلئے | Rs. 100,000 |
| ☐ لائف ٹائم ممبرشپ | Rs. 100,000 |
| ☐ ایک مستحق طالب علم کی سالانہ تعلیمی کفالت کیلئے | Rs. 10,000 |

اس کے علاوہ بھی آپ کی مقدور بھر امداد تعلیمی پراجیکٹس میں معاونت کر سکتی ہے





آپ اپنے عطیات کیش، منی آرڈر، بنک ڈرافٹ کے ذریعے بھجوا سکتے ہیں
یا براہ راست ہمارے اکاؤنٹ میں جمع کروا سکتے ہیں۔

Pakistan Rupees Account
A/c No. 0007-0081-047153-01-4
**AL-Habib BANK LTD.**
New Garden Town, Lahore-Pakistan.

**غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ**


**Better Society Through Better Education**

آیئے ! تعمیر کردار اور تعمیر جہاں کی اس منفرد تحریک کے دست و بازو بنئے۔

E-5 ثمن برگ جوہر ٹاؤن لاہور
فون: 35222705, 35222702 (+92-42) فیکس: 35222729 (+92-42)

## ون ڈے ٹریننگز

اساتذہ کے تدریسی عمل میں جدت پیدا کرنے اور اسے جدید خطوط پر استوار کرنے کے لئے گذشتہ سہ ماہی میں ٹرسٹ کے شعبہ ریسرچ



اینڈ ڈویلپمنٹ کے زیر اہتمام ضلعی سطح پر میانوالی اور سرگودھا میں 4 ون ڈے ٹریننگز کا انعقاد کیا گیا۔ جبکہ خواتین اساتذہ کے لئے ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں ون ڈے ٹریننگ منعقد ہوئی۔

## غزالی سکول فیصل آباد کے اساتذہ کی ورکشاپ

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول چک 79 ج ب فیصل آباد میں اساتذہ کی تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ ورکشاپ میں سینئر نائب صوبائی صدر آل پاکستان پرائیویٹ سکولز مینیجمنٹ ایسوسی ایشن رانا مقرب الٰہی، چوہدری محمد ندیم سندھو، چوہدری زاہد رشید بسرا، محمد شاہد، سرفراز احمد اور محبوب الزمان بٹ نے خطاب کیا۔ مقررین نے کہا کہ طلباء کی تعلیم و تربیت کے حوالے سے والدین کے بعد ہماری امیدوں کا سارا دارومدار اساتذہ پر ہوتا ہے۔ جب تک اساتذہ اپنی ذمہ داریوں کا احساس نہیں کریں گے ایک کارآمد اور مفید قوم تیار نہیں ہوسکتی۔ انہوں نے کہا کہ تدریسی امور کی مہارت حاصل کر کے طلباء کے نتائج میں بہتری لائی جاسکتی ہے۔

## غزالی سکول 79 ج ب فیصل آباد کا شاندار تعلیمی نتیجہ

کلاس نہم کے بورڈ امتحانات میں غزالی سکول 79 ج ب فیصل آباد کے طلباء و طالبات نے بہترین تعلیمی نتائج کا مظاہرہ کیا۔ طالبعلم سرمد جاوید، شاہ زیب، علی ارسلان، باسط لطیف، نبیل احمد، ثانیہ لطیف، آصف حسین، رقیہ افضل، نادر علی، عثمان حسین، حافظ عدنان اور فیروزہ نوردین سمیت کلاس کے بیشتر طلبہ و طالبات نے فرسٹ ڈویژن میں کامیابی حاصل کی۔ جبکہ طالبعلم فیاض حسین سب سے زیادہ نمبر حاصل کر کے علاقے کے دیگر سرکاری اور نجی سکولوں کے طلباء میں نمایاں رہے۔ انہوں نے 457/480 نمبر حاصل کئے۔ ڈسٹرکٹ مینیجر نذیر احمد صدیقی نے ان نتائج پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے طلباء اور ان کے والدین کو مبارکباد دی ہے اور انہیں مسلسل محنت جاری رکھنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ ہیڈ آفس کی سطح پر چیئرمین ٹرسٹ ڈاکٹر سید وسیم اختر، صدر ٹرسٹ سید وقاص جعفری، ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود اور مینیجر سکولز شہید الحق ظفر نے بھی طلباء کو مبارکباد دیتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔

## سالانہ ڈسٹرکٹ مینیجرز میٹنگ

تمام اضلاع کے ڈسٹرکٹ مینیجرز کی سالانہ میٹنگ یوتھ ہاسٹل ناران میں منعقد ہوئی جس میں تمام اضلاع کی گذشتہ سال کی کارکردگی رپورٹس پیش کی گئیں، اہداف کا جائزہ لیا گیا اور آئندہ سال کی پلاننگ کی گئی۔ میٹنگ میں مجموعی طور پر تمام اضلاع کی کارکردگی کو تسلی بخش قرار دیا گیا اور کام کے حوالے سے اطمینان کا اظہار کیا گیا تاہم بعض افراد کو مختلف امور پر توجہ بھی دلائی گئی۔ اس موقع پر کارکردگی کو مزید موثر بنانے کے حوالے سے بھی مختلف تجاویز زیر غور آئیں۔ سالانہ ڈی ایم ایس میٹنگ مینیجر زسکولز شہید الحق ظفر کی زیر صدارت منعقد ہوئی۔

## غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے تحت قومی خطاطی نمائش

فن خطاطی امت کا عظیم ورثہ ہے۔ اس وراثت کی حفاظت اور تعارف کے لئے اپنی سابقہ روایت کو قائم رکھتے ہوئے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ، الحمرا آرٹ کونسل، نیشنل کالج آف آرٹس (NCA) اور کیلیگرافرز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے تعاون سے 4 روزہ قومی خطاطی نمائش کا انعقاد کررہا ہے۔ یہ نمائش ماہ دسمبر کے آخری ہفتے میں لاہور میں منعقد ہورہی ہے۔ اس قومی خطاطی نمائش میں اندرون و بیرون ملک سے آرٹسٹ اور نیشنل کالج آف آرٹس (NCA) کے طلباء اپنے فن پاروں کی نمائش کریں گے۔ ان فن پاروں کی فروخت سے حاصل ہونے والی آمدنی کا 25% حصہ بے سہارا و یتیم بچوں کی فروغ تعلیم کے تعاون کی مد میں ٹرسٹ کے لئے وقف کیا جائے گا۔ نمائش کا افتتاح وزیر اعلیٰ پنجاب شہباز شریف کے ہاتھوں متوقع ہے جبکہ دیگر مہمانوں میں اہم سیاسی، مذہبی، سماجی، ادبی اور علمی شخصیات شرکت کریں گی۔

## یوم آزادی تقریبات

غزالی ایجوکیشن سکولز شنکیاری، بھڑتھ، بٹر، ٹبہ قریشیاں، شہباز خیل، بچیانہ اور متالہ کے تحت یوم آزادی کی تقریبات کا اہتمام کیا گیا۔ پروگرام میں طلباء نے جشن آزادی کے حوالے سے مختلف ٹیبلو، خاکے، ڈرامے، تقاریر، کوئز مقابلے اور ملی نغمے پیش کئے۔ جبکہ مقررین نے تعمیر پاکستان اور وطن کی خوشحالی و ترقی میں طلباء کے حالیہ کردار اور آزادی کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کیا۔ قابل ذکر امر یہ ہے کہ یہ




پروگرامات اس وقت فنڈ ریزنگ مہم میں تبدیل ہوگئے جب وطن کی خدمت اور ترقی کے حوالے سے مختلف مواقعوں پر سیلاب زدگان کی امداد کا ذکر آیا۔ اساتذہ، طلباء، والدین اور اہلیان علاقہ نے متاثرین کے لئے نقد رقوم اور امدادی اشیاء کی صورت میں اپنا کردار بھرپور طریقے سے ادا کیا۔

## صحافیوں کے لئے افطار ڈنر

ٹرسٹ کے میڈیا ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے متعلقہ صحافی برادری کے لئے افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا جس میں تمام اہم اخبارات کے نمائندے شریک تھے۔ افطار ڈنر کا اہتمام مقامی ہوٹل میں کیا گیا جس میں صحافیوں کو ٹرسٹ کی سرگرمیوں اور مشن کے حوالے سے خصوصی



بریفنگ دی گئی۔ ممبر بورڈ آف ڈائریکٹر عامر محمود چیمہ نے صحافی دوستوں کو خوش آمدید کہا اور ٹرسٹ کے حوالے سے ان کے سوالوں کے جوابات دیتے ہوئے دیہاتی علاقوں میں ہونے والی تعلیمی کاوشوں سے آگاہ کیا۔



# گیسٹ کارنر

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا دائرہ کار بڑھانے اور حلقہ احباب وسیع کرنے کی غرض سے ہیڈ آفس میں مہمانوں کی آمد اور ٹرسٹ کے تعارف اور منتظمین سے ملاقاتوں کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔ اس ضمن میں گذشتہ سہ ماہی میں صدر ٹرسٹ سید وقاص جعفری، نائب صدر ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل، ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود اور ممبر بورڈ آف ڈائریکٹر میاں محمد اسماعیل کے ساتھ درج ذیل مہمانوں نے ملاقات کی۔

وقاص وحید (ناروے)، شہزاد صدیقی (یونیورسٹی آف پٹرولیم اینڈ منرلز دمام)، سعادت صدیقی (یونیورسٹی آف پٹرولیم اینڈ منرلز دمام)، نذیر مغل (جدہ)، اتفاق احمد (سپین)، سجاد بلوچ، ڈاکٹر انیس،، شاہد اقبال (کویت)، پروفیسر امین (پنجاب یونیورسٹی)، محمد سلیم اور ڈاکٹر نذیر (یوکے)



## فنڈ ریزنگ مہم کے سلسلے میں دارِارقم، پنجاب سکول اور لیڈز گرامر سکول کی تمام برانچوں میں ڈونیشن باکس کی تقسیم کا مرحلہ مکمل

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی طرف سے ہر سال ماہِ رمضان المبارک میں غریب اور مستحق و یتیم بچوں کی تعلیمی سرگرمیوں کی کفالت کے لئے فنڈ ریزنگ مہم چلائی جاتی ہے۔ اس مہم میں مختلف سکولوں کے بچوں میں ایثار و قربانی اور ہم وطنوں کی مدد کا جذبہ ابھارنا مقصود ہوتا ہے۔ اسی ضمن میں دارِارقم سکول کی پنجاب بھر کی برانچوں، پنجاب ٹرسٹ سکول اور لیڈز گرامر سکول لاہور کی تمام برانچوں میں طلبہ و طالبات میں ڈونیشن باکسز تقسیم کئے گئے جن میں بچے ماہِ رمضان میں زیادہ سے زیادہ نیکیوں کی طرف راغب ہونے اور اپنے جیسے دیگر طلباء کی مدد کے لئے پورے ماہ کی پاکٹ منی جمع کرتے ہیں۔ جو بعد میں ٹرسٹ کے حوالے کر دی جاتی ہے۔ اس ضمن میں ٹرسٹ نے مالی تعاون کی راہ ہموار کرنے اور فنڈ ریزنگ کا دائرہ کار وسیع کرنے میں مدد دینے پر دارِارقم سکولز کے چیئرمین پروفیسر عرفان چوہدری، ایگزیکٹو ڈائریکٹر یاسین خان، پنجاب سکول کے ڈائریکٹر سید احسان اللہ وقاص اور کرنل صابر خان، لیڈز گرامر سکول کے ڈائریکٹر احمد رضا اور تینوں تعلیمی نیٹ ورکس کے دیگر ذمہ داران کا شکریہ ادا کیا ہے اور کہا ہے کہ ان کا تعاون دیہاتی سطح پر بہت سے بچوں کو مایوسی کے اندھیروں سے نکال کر امید کی روشنی کی جانب گامزن کرنے اور جہالت سے علم تک کے سفر میں معاون ثابت ہوگا۔

## سپورٹنگ سٹاف کیلئے ورکشاپ


غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے زیرِاہتمام سپورٹنگ سٹاف کی ورکشاپ منعقد ہوئی۔ ورکشاپ میں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ اور برادر اداروں کے سپورٹنگ سٹاف نے شرکت کی۔ ورکشاپ کا بنیادی مقصد سپورٹنگ سٹاف کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا اور دفتری امور سے متعلق ان کے کاموں میں مزید بہتری لانا تھا۔ اختر عباس، محمد مشتاق مانگٹ، سید عامر محمود اور ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل نے متعلقہ امور پر



تفصیلی روشنی ڈالی اور روزمرہ معمولات سے متعلق ڈیل کرنا سکھایا جس سے سپورٹنگ سٹاف کے رویوں، اخلاق اور عمل میں ممکنہ حد تک بہتری آئے گی۔ شرکاء کو روزمرہ کے مختلف موضوعات پر گروپ ورک بھی کرایا گیا۔ سپورٹنگ سٹاف کے شرکاء نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ پروگرام ان کے لئے بہت معاون ثابت ہوا ہے اور جن امور سے انہیں پہلے آگاہی نہیں تھی، اس ورکشاپ کی وجہ سے انہوں نے بہت کچھ سیکھا۔ بعد ازاں ادارے کی طرف سے انہیں گفٹ اور سرٹیفکیٹ بھی دیئے گئے۔

## ہیڈ آفس سٹاف کا تفریحی دورہ

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے سٹاف کے سالانہ تفریحی ٹور کے سلسلے میں امسال کاغان اور ناران کی سیر کا پروگرام بنایا۔ 3 دن کے اس تفریحی دورہ میں قدرت کے حسین شاہکار، دلکش اور مسحور کن مناظر دیکھنے میں آئے جو وطن عزیز پاکستان کی قدرتی خوبصورتی اور اہمیت کا منہ بولتا ثبوت تھے جبکہ شمالی علاقہ جات کے حسن و جمال کی عکاس اور برف پوش پہاڑوں کے درمیان واقع جھیل سیف الملوک اپنی مثال آپ



تھی۔ بالاکوٹ سے ناران تک کے سفر میں دریائے کنہار کے ساتھ نے سفر کو مزید دلکش بنائے رکھا۔ واپسی پر سٹاف نے ٹرسٹ کا مثالی بٹکرڑ سکول بھی دیکھا اور اسلام آباد میں لیک ویو پارک کی سیر بھی کی۔



## واحد عبداللہ اولکھ کی بطور پروگرام آفیسر ترقی

شعبہ ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ کے سٹاف ممبر اسسٹنٹ پروگرام آفیسر واحد عبداللہ اولکھ کی کارکردگی کے پیشِ نظر انہیں بطور پروگرام آفیسر ترقی دی گئی ہے۔ ہیڈ آفس کے تمام سٹاف نے انہیں مبارکباد دی اور ان کے لئے مزید نیک خواہشات کا اظہار بھی کیا ہے۔

# غزالی کالج برائے خواتین کے تحت منعقدہ سرگرمیاں

## عالمی یومِ ماحول

عالمی یومِ ماحول کے موقع پر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول بہارہ کہو اسلام آباد کے زیر اہتمام طلباء میں ماحول دوستی کا شعور اجاگر کرنے کے لئے اسلام آباد میں آرٹ مقابلوں کا انعقاد کیا گیا۔ مقابلوں میں شریک طلباء کو عمر کے لحاظ سے تین مختلف گروپوں میں تقسیم کیا گیا۔ شرکاء نے مختلف رنگوں کے ذریعے ماحول دوستی کے حوالے سے پینٹنگز بنائیں۔ بہترین آرٹ پر پہلی، دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء کو انعامات بھی دیئے گئے۔ جبکہ دیگر شریک طلباء کو بھی حوصلہ افزائی کے لئے تحائف سے نوازا گیا۔

## فہمِ قرآن وسنت کورس وتکمیل قرآن تقریب

غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد میں کلاس دہم اور سال دوم و چہارم کی طالبات کے لئے دس روزہ فہم قرآن وسنت کورس کا اہتمام کیا گیا۔ کورس کے مقاصد میں طالبات کا قرآن وسنت سے تعلق، بحیثیت ماں اچھی نسل کی پرورش، عقائد کی مضبوطی، داعی دین کی تیاری، سیرت وکردار کی پختگی جیسے امور پیدا کرنا شامل تھے۔ کورس چار مختلف کلاسوں منتخب احادیث ودعاؤں کے حفظ، خلفائے راشدین کی سیرت پر گروپ ڈسکشن، دروس قرآن کی تیاری اور تعمیر سیرت کے لوازم پر مشتمل تھا۔ اس کے علاوہ مختلف اسلامی وتعلیمی موضوعات پر مربین کے لیکچرز کا اہتمام بھی کیا گیا تھا۔ محترمہ نزہت بھٹی، ڈاکٹر طاہر حکیم (خطیب فیصل مسجد وچیئرمین شریعہ فیکلٹی بین الاقوامی یونیورسٹی اسلام آباد)، محترمہ عالیہ سعید، خدیجۃ الکبریٰ، حمیرا جاوید (سابق پرنسپل قرآن انسٹی ٹیوٹ کراچی)، محترم باقر خان خاکوانی اور دیگر مربین نے خواتین کے حوالے سے بیشتر اسلامی وفقہی موضوعات کا احاطہ کیا۔ مقررین نے اپنے خطاب میں کہا کہ ہر دور میں خواتین کا کردار اولین رہا ہے اور دورِ حاضر میں بھی خواتین اپنے ماضی کے روشن کردار کو دہرا کر معاشرے میں انقلابی تبدیلیوں کا باعث بن سکتی ہیں۔ تمام طالبات میں دس روزہ فہم قرآن وسنت کورس کی اسناد جبکہ نمایاں کارکردگی دکھانے والی طالبات میں انعامات بھی تقسیم کئے گئے۔

دریں اثناء کالج ہذا میں ایف اے اور بی اے کی طالبات کے اعزاز میں تکمیل قرآن کے حوالے سے خصوصی تقریب منعقد کی گئی جس میں سابق پرنسپل قرآن انسٹیٹیوٹ کراچی محترمہ حمیرا جاوید نے طالبات کو خصوصی لیکچر دیا اور ان میں اسناد تقسیم کیں۔ حمیرا جاوید نے انسانی زندگیوں میں قرآن کی اہمیت اجاگر کی اور کہا کہ یہی وہ کتاب ہے جس کی بنیاد پر مسلمانوں نے ترقی کی منازل طے کیں۔ مگر اس سے منہ موڑنے کے بعد زوال اور پستی ہمارا مقدر بن گئی۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کے عمل سے معاشرے بنتے اور بگڑتے ہیں۔ معاشروں کی تربیت ماؤں ہی کی ذمہ داری ہوتی ہے لہٰذا یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ آپ نے یہاں سے حاصل کی گئی تربیت کو کن معنوں میں استعمال کرنا ہے۔

## غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد کے لئے کتب اور لیبارٹری سامان کا عطیہ

☆ اسلام آباد کی ایک غیر سرکاری تنظیم ''لائف'' اور اقوام متحدہ کے سابق نمائندے ایس معین الحق نے اپنی ذاتی لائبریری کی سینکڑوں کتب غزالی کالج برائے خواتین کو عطیہ کیں۔ ان میں نصابی، علمی، اسلامی، ادبی، تاریخی، قرآن، حدیث، فقہ، طب، تقابل ادیان اور دیگر عالمی موضوعات پر مشتمل کتب اور معاون سی ڈیز، ڈی وی ڈیز اور آڈیو کیسٹیں شامل ہیں۔

☆ ILM کالج اسلام آباد کے مینیجنگ ڈائریکٹر سید محمد بلال نے غزالی کالج برائے خواتین کی سائنس لیبارٹری کے لئے کیمیکلز کا عطیہ دیا۔ 100 سے زائد کیمیکلز پر مشتمل اس عطیہ سے کالج لیبارٹریز کی اپ گریڈیشن میں خصوصی معاونت حاصل ہوئی ہے۔

## غزالی کالج برائے خواتین لاہور کا اعزاز


غزالی کالج برائے خواتین لاہور کی انٹرمیڈیٹ آرٹس گروپ کی طالبہ سارہ زاہد نے فرسٹ ائیر میں 481 نمبر حاصل کرکے لاہور بورڈ میں پہلی پوزیشن حاصل کی ہے۔ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے صدر سید وقاص جعفری، ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود، غزالی کالج لاہور کے ڈائریکٹر احمد شیر اعوان اور پرنسپل میمونہ احمد نے اس کامیابی پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے سارہ احمد اور ان کے والدین کو مبارکباد دی ہے اور مستقبل میں بھی ایسی ہی تعلیمی کارکردگی کی امید ظاہر کی ہے۔

## پروفیسر انور مسعود اور ان کے اہل خانہ کی طرف سے 14 طلباء کی کفالت

پاکستان کے معروف شاعر وادیب پروفیسر انور مسعود اور ان کے اہل خانہ نے ٹرسٹ کے مختلف سکولوں میں پڑھنے والے 14 طلبہ و طالبات کی تعلیمی کفالت اپنے ذمہ لی ہے۔ ڈائریکٹر غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد عبدالسلام سے ایک ملاقات میں انہوں نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی تعلیمی کاوشوں کو سراہتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ 14 یتیم اور نادار طلباء کے تعلیمی اخراجات برداشت کریں گے۔ عبدالسلام نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی انتظامیہ کی طرف سے پروفیسر انور مسعود اور ان کے اہل خانہ کے اس اعتماد پر ممنونیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کے اس عمل سے ایسے طلباء کی زندگیاں علم کے اجالے کی طرف گامزن کرنے میں مدد ملے گی جن کے والدین ان کے تعلیمی اخراجات برداشت نہیں کرسکتے۔ انہوں نے کہا کہ انور مسعود اور انہی جیسے دردمند دل رکھنے والے افراد کی وجہ سے ہی غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ تعلیم کے فروغ جیسے مقاصد میں کامیاب ہو رہا ہے۔

## انٹرنیشنل انٹرن شپ پروگرام

شنگھائی یونیورسٹی چائنا سے انٹرن شپ کے لئے پاکستان آنے والی مس صُوفی اور لیزا نے دو ماہ تک ٹرسٹ میں بطور Internee اپنی خدمات سرانجام دیں۔ اس عرصے کے دوران انہوں نے ٹرسٹ کے مختلف سکولوں کا وزٹ کیا اور ان کے گریڈنگ سسٹم (سکول چیکنگ) کا جائزہ لیا۔ گریڈنگ سسٹم میں شامل بنیادی نکات (نصابی وہم نصابی سرگرمیوں کا معیار، سکول کا انتظام اور مقامی آبادی کی شمولیت، بنیادی سہولیات اور خودانحصاری کا معیار) اور ان کی درجہ بندی پر ریسرچ کی۔ اس ضمن میں انہوں نے مختلف سکولوں کے وزٹ کے دوران اساتذہ، طلباء اور والدین سے بھی ملاقاتیں کیں اور ان کی تجاویز کی روشنی میں سکولوں کی مجموعی کارکردگی کو جانچا۔ انہوں نے مجموعی طور پر ٹرسٹ کے وضع کردہ گریڈنگ سسٹم کو تسلی بخش قرار دیا تاہم انہیں مزید اپ گریڈ کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ اس سلسلے میں انہوں نے مختلف تجاویز بھی پیش کیں۔ ریسرچ کی روشنی میں انہوں نے گریڈنگ سسٹم کی بہتری کے لئے سفارشات بھی مرتب کیں اور ممبر بورڈ آف ڈائریکٹر سمیعہ راحیل قاضی سمیت بورڈ کے مختلف ارکان سے ملاقاتوں کے دوران ان پر تبادلہ خیال کیا۔ صُوفی اور لیزا نے امید ظاہر کی کہ ان کی پیش کی گئی تجاویز پر عمل کرنے سے سکولوں کی مجموعی کارکردگی میں مزید نکھار آئے گا۔



# غزالی فورم

## ''وزڈم'' کے ڈائریکٹر میاں عبدالشکور کے ہمراہ نشست

غزالی فورم کے زیراہتمام دیہی علاقوں میں بالخصوص خواتین کے لئے تعلیمی کاوشیں کرنے والے ادارے ''وزڈم'' کے ڈائریکٹر اور غزالی ٹرسٹ کے ممبر بورڈ آف ڈائریکٹر میاں عبدالشکور کے ساتھ نشست منعقد کی گئی۔ ماہِ رمضان کے آخری عشرے کے ضمن میں انہوں نے دعا کی اہمیت کے بارے میں گفتگو کی اور بتایا کہ مناجات کا یہ عمل فرد کی حسرت اور خواہش کو ظاہر کرتا ہے جو رب سے گزارشات کی ایک صورت ہے۔ انہوں نے بچوں کی تربیت کے حوالے سے مختلف



دعاؤں کی رو سے فرد کی ذمہ داریوں سے بھی آگاہ کیا۔ انہوں نے اپنے ادارے ''وزڈم'' کے بارے میں بتایا کہ یہ ایک دیہی علاقے میں لڑکوں اور لڑکیوں کے لئے علیحدہ علیحدہ تعلیمی ادارے اور ڈگری کالج پر مشتمل تعلیمی نیٹ ورک ہے۔ اس کے قیام کا مقصد خواتین کے لئے تعلیمی مواقع پیدا کرنا تھا تاکہ وہ قائدانہ کردار ادا کرسکیں اور معاشرے میں اپنا مقام واضح کرسکیں۔ انہوں نے خواتین کی تعلیم پر خصوصی توجہ کی ضرورت پر زور دیا۔

## جسٹس عامر رضا کے ہمراہ نشست


معروف سماجی شخصیت اور مختلف فلاحی اداروں کے ساتھ خدمت کے جذبے سے وابستہ جسٹس عامر رضا کے ساتھ خصوصی نشست کا اہتمام کیا گیا۔ جسٹس عامر رضا نے بتایا کہ انہوں نے کن کن مراحل سے گزر کر امین مکتب کو سوشل سیکٹر میں ایک ماڈل ادارہ کا روپ دیا۔ انہوں



نے بتایا کہ سپیشل بچوں کو نارمل زندگی کی طرف لانے کے لئے انہوں نے ابتدائی طور پر شہری علاقوں میں گلی محلوں کے سکولوں میں ہی ان کی تعلیم و تربیت کا اہتمام کیا اور جہاں ضروری سمجھا ایسے بچوں کے لئے الگ کلاسز اور الگ اوقات میں انہیں مناسب تعلیمی سہولیات دی گئیں انہوں نے کہا کہ اس وقت 22 سکولوں میں 200 بچے امین مکتب کے اس خصوصی پراجیکٹ کے تحت تعلیمی مراحل سے گزر رہے ہیں جبکہ دیہاتی علاقوں میں یہ عمل ابتدائی طور پر 5 غزالی سکولز میں شروع کیا گیا ہے جہاں فی الوقت 54 بچوں کی تعلیم و تربیت کے اہتمام میں امین مکتب کا تعاون شامل ہے۔ انہوں نے بتایا کہ امین مکتب کا منشور ہی یہ ہے کہ ایسے والدین کی مدد کرے جو اپنے بچوں کی تعلیمی معذوری سے پریشان ہیں۔ انہوں نے اس شعبے پر خصوصی توجہ کی ضرورت پر زور دیا اور کہا کہ جو معاشرہ خصوصی افراد کا خیال نہیں رکھتا وہ بنیادی طور پر خود معذور ہے لہذا یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ ایسے افراد کے ساتھ ہمدردانہ برتاؤ کیا جائے اس ضمن میں امین مکتب نے اپنے حصے کی شمع جلا رکھی ہے۔ انہوں نے اس فیلڈ میں متعین سٹاف کی ٹریننگ پر بھی زور دیا اور ٹرسٹ کے ذمہ داران کو اس سلسلے میں امین مکتب کی طرف سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی بھی کروائی۔ نشست میں امین مکتب کی مسز خاور، مس یاسمین شاہ (ڈائریکٹر) اور مس عظمیٰ (سائیکالوجسٹ) بھی موجود تھیں جنہوں نے شرکاء کے مختلف سوالوں کے جواب دیئے۔

## رمضان اور اس کی برکات

ماہِ رمضان کی بابرکت ساعتوں میں ٹرسٹ کے سٹاف کے لئے خصوصی دروس کا اہتمام کیا گیا جس میں مربی کے فرائض وائس پریذیڈنٹ ٹرسٹ ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل نے انجام دیئے۔ انہوں نے ''ماہِ رمضان اور اس کے فضائل اور تزکیہ نفس'' کے موضوعات پر لیکچرز دیئے۔ انہوں نے کہا کہ توحید دین کی اصل ہے اور وہی شخص



کامیاب ہے جس نے توحید پر استقامت دکھائی اور نفس کا تزکیہ کرتے ہوئے اسے بے جا خواہشات سے پاک رکھا۔ انہوں نے کہا کہ دل و دماغ کی تربیت دین اسلام کے تقاضوں کے مطابق ہو تو ہی تقویٰ پیدا ہوتا ہے۔

## سالانہ جائزہ و پلاننگ اجلاس

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا سالانہ جائزہ و پلاننگ اجلاس ہیڈ آفس میں منعقد ہوا جس میں تمام شعبہ جات کی گذشتہ سال کی کارکردگی رپورٹس پیش کی گئیں اور آئندہ سال کی پلاننگ اور ترجیحات و اہداف کا جائزہ بھی لیا گیا۔ اجلاس میں چیئرمین ٹرسٹ ڈاکٹر سید وسیم اختر نے بھی خصوصی شرکت کی۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود نے انہیں گذشتہ سال کی کارکردگی پر بریفنگ دی اور ان کے مختلف سوالوں کے جواب دینے کے ساتھ ساتھ بعض اہم امور پر مشاورت بھی کی گئی۔ نشست میں چیئرمین ٹرسٹ نے اقلیتی طلباء کے لئے بھی سکول یا الگ کلاسیں شروع کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے جنوبی پنجاب کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ملتان، بہاولپور اور رحیم یار خان جیسے اضلاع میں اسے پائیلٹ پراجیکٹ کے طور پر شروع کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے



کہا کہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ ایک قابل قدر اور معیاری پراجیکٹ ہے اور اسے آگے بڑھتے رہنا ہے۔ یہی تعلیم کے شعبے کی خدمت اور ضرورت ہے۔ انہوں نے اس امر پر اطمینان کا اظہار کیا کہ ٹرسٹ منصوبہ بندی، سوچ اور انتظامی مراحل سمیت تمام امور خوش اسلوبی سے انجام دے رہا ہے۔ انہوں نے سالانہ میٹنگ کے انعقاد پر بھی ٹرسٹ کے منتظمین کی حوصلہ افزائی کی اور کہا کہ اپنی کارکردگی کا یوں مل بیٹھ کر جائزہ لیتے رہنا خوشی کا باعث ہے اور اس سے کام کو مزید بہتر طریقے سے آگے بڑھانے کے مواقع میسر آتے ہیں۔ انہوں نے فنڈ ریزنگ کا دائرہ کار بڑھانے اور بالخصوص کراچی اور سندھ تک وسیع کرنے کی ضرورت بھی پر زور دیا۔

## ماڈل پیپرز برائے سالانہ امتحان مارچ 2011ء کی تیاری

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے تمام سکولز میں ایک ہی مجوزہ نصاب کی بدولت امتحانی طریقہ کار میں ہم آہنگی کے تسلسل کو قائم رکھتے ہوئے تعلیمی سال 11-2010ء کے لئے دسمبر ٹیسٹ کے سلیبس کی بروقت تکمیل کو ممکن بنایا گیا قبل ازیں اسی تسلسل میں سالانہ امتحان مارچ 2011ء کے لیے ماڈل پیپرز بھی تیار کئے گئے تھے۔ انہی ماڈل پیپرز کی طرز پر سالانہ پیپرز تیار کیے جائیں گے۔

خوردونوش اورمختلف امدادی اشیاء کےضمن میں ادارے کے ساتھ بھرپورتعاون کیا جس سے ٹرسٹ کو ریلیف کا کام سرانجام دینے کے سلسلے میں کسی قسم کی رکاوٹ کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔

عید کے دنوں میں ''عیدفوڈ پیکج'' کی تقسیم بھی انہی افراد اورتنظیموں کی معاونت سے ممکن ہوئی۔ٹرسٹ کے سیلاب کی وجہ سے متاثر ہونے والے سکولز کی بحالی اور تعلیمی سلسلہ دوبارہ شروع کرنے کا بیڑہ اٹھانے میں بھی یہی معاونین سرفہرست ہیں۔سیلاب کی وجہ سے ان علاقوں میں ٹرسٹ کے 20 سکولز شدید متاثر ہوئے ہیں اوراس قابل نہیں رہے کہ ان میں تعلیمی سلسلہ دوبارہ شروع کیا جاسکے۔ان حالات میں مذکورہ اداروں اور افراد کی معاونت ہمارے لئے حوصلہ کا باعث ہے وگرنہ ٹرسٹ کے پاس اتنے وسائل نہیں تھے کہ وہ تاریخ کے اس بڑے نقصان کا تنہا مداوا کرسکتا۔ٹرسٹ اس اعتماد پران سب کا مشکور ہے۔

متاثرہ افراد کی امداد میں ہمارے سکولز کے بچوں نے بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اوراخوت کی مثالیں قائم کیں۔بہل سکول کے طلباء نے متاثرین سے اظہار یکجہتی اورامدادی اشیاء اکٹھی کرنے کے لئے ریلی بھی نکالی اور نقدرقوم اور دیگر امدادی سامان اکٹھا کر کے متاثرین میں تقسیم کیا،حتیٰ کہ ان بچوں نے اپنی عیدی جبکہ خواتین اساتذہ نے اپنے پسندیدہ کپڑے تک متاثرین کے لئے وقف کردیئے۔ٹرسٹ کے بیشتر ذمہ داران بالخصوص صدرٹرسٹ نے عید کا دن مظفرگڑھ میں متاثرین کے ساتھ گزارا اوران میں عیدی تقسیم کی۔جبکہ ڈسٹرکٹ مینیجرز اور اساتذہ نے میانوالی،بھکر،مظفرگڑھ،ڈی جی خان اور رحیم یارخان کے ریلیف کیمپوں میں متاثرین کے ساتھ عید منائی اور 1140 خاندانوں میں راشن اورطلباء کی جانب سے بچوں میں عیدی اورمختلف تحائف تقسیم کئے۔

سچ تو یہ ہے کہ بحالی کے اس چیلنج سے نبٹنے کے لئے حکومت، این جی اوز، نجی اداروں اورفلاحی تنظیموں سمیت ہرشہری کو بھرپوراور مستقل کردارادا کرنے کی ضرورت ہے۔غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے اندرون و بیرون ملک معاونین کی سرپرستی میں بحالی اورمدد کے اس عمل میں اپنے حصے کا کردارادا کرنے کی کوشش کی ہے۔



## ایگزیکٹوڈائریکٹراورمینیجرسکولزکادورہ کیمپ

غزالی ٹرسٹ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود اور مینیجر سکولز شہید الحق ظفر نے میانوالی اور بھکر جبکہ فلڈ ریلیف کوارڈینیٹر محمد طارق جاوید نے مظفر گڑھ اور ڈی جی خان کے ریلیف کیمپوں کا دورہ کیا اور ادارے کے زیرِ انتظام روزانہ ہونے والے افطار پروگرامات کا جائزہ



لیا۔انہوں نے سیلاب کی وجہ سے متاثر ہونے والے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے 20 سکولوں کا دورہ کیا جبکہ دیگر کم متاثرہ 30 غزالی سکولوں میں پناہ گزین متاثرین سے ان کے مسائل اور نقصانات کے بارے میں بھی استفسار کیا۔انہوں نے کیمپ انچارج اسلم خان، جاوید اقبال اخوان اور دیگر سے امداد کی تقسیم اور افطار پراجیکٹ کے ضمن میں پیش آنے والی مشکلات کے بارے میں بھی تفصیلی گفتگو کی اوران کے ازالے پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے فلڈ ریلیف کوارڈینیٹر طارق جاوید کی ذمہ داری لگائی کہ وہ فی الفوران مسائل کے حل کو یقینی بنانے کے اقدامات کریں۔

## سیلاب سے متاثرہ غزالی سکولوں کی بحالی پرخصوصی توجہ کی اپیل

پاکستان میں آنے والے حالیہ سیلاب کی وجہ سے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے 50 سکولز بھی متاثر ہوئے ہیں۔تفصیلات کے مطابق سیلاب زدہ 5 اضلاع میانوالی، جھنگ، مظفرگڑھ، ڈیرہ غازی خان اوررحیم یارخان کے مختلف علاقوں میں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے تحت 50 سکولز قائم ہیں جن میں سے 20 سکولز بری طرح متاثر ہوئے ہیں جبکہ دیگر 30 سکولز کی تعمیرنو و بحالی بھی حالات کا تقاضا ہے۔ضلع میانوالی میں ٹھٹی کچہ، سلطان والا، تری خیل، موچھ، بہل اور کالا باغ ...... ضلع جھنگ میں رجانہ، چیلہ گرلز و بوائز، شیر چاکر، پیرکوٹ سدھانہ جھنڈے والا، حسن خان ...... ضلع مظفرگڑھ میں دائرہ دین پناہ، کھچّی والا، عثمان کوریا...... ڈیرہ غازی خان میں شادن لنڈ، سرفراز والا ...... اوررحیم یارخان میں حاجی پوراوررحمان فارم کے مقامات پرقائم مجموعی طورپر 20 سکولوں کونقصان پہنچا ہے۔غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود نے کہا ہے کہ ان سکولوں کے تباہ ہوجانے سے تین ہزار سے زائد طلباء کا مستقبل اوراساتذہ کا روزگار متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔انہوں نے کہا کہ ان سکولوں میں بچوں کی تعلیم کا منقطع سلسلہ بحال کرنے کے لئے فرنیچر، نصابی کتب اور اساتذہ کی تنخواہوں کی مد میں ٹرسٹ کو خطیر سرمائے کی ضرورت ہے۔اس ضمن میں انہوں نے حکومت اور دیگر طبقات سے اپیل کی ہے کہ ان سکولوں کی بحالی کی جانب خصوصی توجہ دی جائے اورعطیات کا کچھ حصہ سکولوں کی تعمیرِ نو پر بھی خرچ کیا جائے تا کہ طلباء کا تعلیمی حرج نہ ہو اورحالات معمول پر آنے کے بعد وہ فی الفور تعلیمی سرگرمیوں کی طرف راغب ہوسکیں۔



